سوال

(679) درود و سلام کے بارے میں آپ ﷺ کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

درود و سلام کیا ہے نبی کریم ﷺ کا کیا ارشاد گرامی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

نبی کریم ﷺ کے لیے اللہ تبارک و تعالیٰ سے رحمت و سلامتی کی دعا کرنے کا نام درود و سلام ہے اس سلسلہ میں رسول اللہ ﷺ سے ثابت شدہ کلمات والفاظ پڑھنا ہی بہتر ہے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے :

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَـٰئِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِىِّ ۚ يَـٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا --احزاب56

''اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں اے مسلمانو تم بھی اس پر درود و سلام بھیجا کرو''

رسول اللہ ﷺ سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا سلام تو آپ نے ہمیں تعلیم فرما دیا اب فرمائیں ہم آپ پر درود کیسے بھیجیں ؟ تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں درود ابراہیمی (جو نماز میں پڑھا جاتا ہے) تعلیم فرما دیا ۔ (بخاری کتاب التفسیر-سورۃ الاحزاب و مسلم) سنن کی روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس دفعہ درود (رحمتیں) بھیجتا ہے ۔ (نسائی وسندہ صحیح-بحوالہ مشکوۃ-کتاب الصلاۃ-باب الصلاۃ علی النبی ﷺ وفضلها-الفصل الثانی)

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام و مسائل

ذکر و دعا کے مسائل ج1ص485